ایک اِک کرکے ستاروں کی طرح ڈوب گئے
ہائے کیا لوگ مِرے حلقۂ احباب میں تھے
(مُحسن احسان)

16 ؍ستمبر پیر کو جامع مسجد میں نماز جنازہ قاری محمد قاسم نے پڑھائی، اعزہ واحباب نے اپنے ہاتھوں سے سپرد خاک کردیا۔ اللہ تعالیٰ حسنات کو قبول فرمائیں اور سیئات سے درگزر فرمائیں! (امین)، قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم، سید محمد کفیل بخاری، ملک محمد یوسف، مولانا محمد مغیرہ، میاں محمد اویس کے علاوہ دیگر رہنماؤں اور کارکنوں نے محمد ارشد چوھان کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ان کی گرانقدر خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے، مقامی جماعت اور اداروں کے جملہ ذمہ داران اور کارکنوں نے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم ایک بہترین مہربان، دوست اور انتھک کارکن سے محروم ہوگئے ہیں۔ مرحوم نے پسماندگان میں بیوہ، دو بیٹیاں اور چھ بیٹے چھوڑے ہیں، ہم سب کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دُعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی اولاد کو ان کا صدقۂ جاریہ جاری وساری رکھنے کی توفیق سے نوازیں، آمین ثم آمین!

**حافظ طلحہ احمد مرحوم:**

یہ خبر ہمارے لیے دلی صدمے کا باعث ہے کہ ہمارے دوست پروفیسر امجد علی شاکر کے جواں سال صاحبزادے حافظ طلحہ احمد دیارِ غیر میں انتقال فرما گئے۔ مرحوم ابھی پچیس سال کے بھی نہ ہوئے تھے اُنھوں نے پرائمری کے بعد قرآن مجید حفظ کیا پھر او لیول اور اے لیول کے امتحانات اعلیٰ نمبروں سے پاس کرکے فن لینڈ میں میرین انجینئرنگ میں داخلہ لیا۔ ابھی سالِ آخر شروع ہوا تھا کہ زندگی آخر ہوگئی۔ مرحوم کی حسنات میں یہ بات بھی شامل ہے کہ اپنے گھر کے قریب مسجد میں باقاعدہ امام مسجد کے تقرر تک کچھ ماہ امامت کا فریضہ بھی سرانجام دیا۔ فن لینڈ میں بھی حفظ تر و تازہ رکھا اور مسلمان لڑکوں کو نماز پڑھاتے رہے۔ حلال وحرام کا خیال رکھتے اور ایک مسلمان کی زندگی بسر کرتے رہے۔ ۸؍ستمبر ۲۰۱۳ء کی صبح فن لینڈ میں آپ کا انتقال ہوا، اور ۲۱؍ستمبر کو لاہور میں نمازِ جنازہ ادا کی گئی۔ قرآنِ مجید کا یہ زندہ اعجاز دیکھا گیا کہ چودہ دن بعد چہرہ تر و تازہ اور پرنور دکھائی دیتا تھا۔ یوں لگتا تھا جیسے ابھی سوئے ہوں۔

**اللھم اغفر لہٗ و ارحمہٗ و انت ارحم الرّاحمین**۔ یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ دو ماہ قبل ۲۶ جون کو مرحوم کی والدہ ماجدہ اور پروفیسر صاحب کی اہلیہ بھی وفات پاگئی تھیں۔ پروفیسر صاحب کے لیے یہ دونوں صدمے بہت دُکھ کا باعث ہیں اللہ تعالیٰ مرحومین کے درجات بلند فرمائے اور غمزدگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)